# چانسلر کا ضابطہ

Department of Education

نمبر: **A-250:**
موضوع: **ملازمت سرٹیفیکیٹس**
زمرہ: **طلبا**
جاری کردہ: **26 جنوری،2023**

## تبدیلیوں کا خلاصہ

یہ ضابطہ چانسلر کے ضابطے A-250، مورخہ 28 جون، 2011 کی جگہ لیتا ہے۔

**تبدیلیاں:**

- "بچوں کی ماڈلنگ" اور اس سے متعلقہ اجازت ناموں کے حوالوں کو خارج کرتا ہے (حصے II.C, IV.C، V.E)۔
- حصہ II.C کی تجدید کرتا ہے اور ملازمت سرٹیفیکیٹ (اسناد) اور / یا اجازت ناموں کے مخصوص استعمال کے لیے انکا نئے نیو یارک ریاست کے قابلِ اطلاق مطلوبات سے ہم آہنگ ہونا لازمی قرار دیتا ہے۔
- ملازمت سرٹیفیکیٹس پر نمبر دیے جانے کی ہدایات کی تجدید کرتا ہے (حصہ II.E)۔
- "اپ اسٹیٹ" کی بطور"نیو یارک شہر سے باہر مقامات" تجدید کرتا ہے (حصہ II.G)۔
- "ضلعی اہلِ خانہ کے حمایتی یا برو اہل کے حمایتی" کی تجدید بطور "خاندانی معاونتی رابطہ کار" کرتا ہے (حصے III اور IV.C)۔
- "والدین" کی تشریح کرتا ہے (حصہ III، جُز I)۔
- "جسمانی تندرستی سرٹیفیکیٹ" کی مراعت کی تجدید کرتا ہے (حصہ III، جُز III)۔
- "منصوبہ بندی کے لیے انٹرویو" کی مراعت کی تجدید کرتا ہے (حصہ III، جُز VI)۔
- سب جگہ اسم ضمیر (pronouns) اور طلبا کے حوالوں کی تجدید کرتا ہے۔
- اس ضابطے کی چار منسلکات میں سے مخصوص معلومات کو ایک علیحدہ ویب صفحے (پیج) پر منتقل کرتا ہے۔
- وضاحت اور درستگی کے لیے بصورتِ دیگر اس ضابطے کی دفعات میں تجدید کرتا ہے یا دوبارہ منظم کرتا ہے۔
- استفسارات کے لیے رابطہ معلومات میں تجدید کرتا ہے (حصہ VII)۔

# چانسلر کا ضابطہ

نمبر: **A-250:**

موضوع: **ملازمت سرٹیفیکیٹس**
زمرہ: **طلبا**
جاری کردہ: **26 جنوری، 2023**

## خلاصہ

یہ ضابطہ چانسلر کے ضابطے A-250، مورخہ 28 جون، 2011 کی جگہ لیتا ہے اور اس کی جگہ نافذ العمل ہے اور نیو یارک شہر کے طلبا کو ملازمت سرٹیفیکیٹ جاری کرنے کا طریقہ کار خاکہ کش کرتا ہے۔ ریاستی قانون اہلیت کے حامل طلبا کو ملازمت سرٹیفیکیٹ موصول کرنے کے لیے انہیں جاری کرنا لازمی قرار دیتا ہے۔ صرف اسکولوں (پبلک اور غیر پبلک) کے عملے کے مقرّر کردہ اراکین کو ملازمت سرٹفیکیٹ جاری کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ تمام پبلک ہائی اسکولوں اور مڈل اسکولوں پر لازم ہے کہ ان میں شرکت کرنے والے طلبا کو ان سرٹیفیکیٹس کے درخواست دینے پر ملازمت سرٹیفیکیٹس جاری کریں۔ تمام پبلک ہائی اسکولوں پر یہ بھی لازم ہے کہ ان طلبا کو ملازمت سرٹیفیکیٹس جاری کریں جو غیر پبلک اسکولوں میں شرکت کرتے ہیں۔تمام پبلک ہائی اسکولوں سے ہر تعلیمی سال کے آخری دن تک ملازمت سرٹیفیکیٹس جاری کرنا مطلوب ہے۔ جو ہائی اسکول اور مڈل اسکول موسم گرما میں کھلے ہوتے ہیں ان سے موسم گرما کے دوران ملازمت سرٹیفیکیٹس جاری کرنا مطلوب ہے۔

### I. ملازمت سرٹیفیکیٹ کے مطلوبات

A. 18 سال سے کم عمر تمام نابالغ بچوں (بشمول کالج کے طلباء، ہائی اسکول سندیافتگان، شادی شدہ، اور رضاکار کارکنان) کو ملازمت کرنے کے لیے ملازمت سرٹیفیکیٹ حاصل کرنا لازمی ہے ( استثنات ذیل میں بیان کیے گئے ہیں)۔ البتہ، 16 سال یا اس سے بڑی عمر کے نابالغ بچوں کے لیے ملازمت سرٹیفیکیٹ حاصل کرنا مطلوب نہیں ہیں جو ایک تسلیم شدہ اعلی تعلیمی ادارے میں جاتے ہیں اور ایک غیر نفعی کالج یا یونیورسٹی میں ملازم ہے۔ 14 سال یا اس سے بڑی عمر کے ان نوبالغان سے ملازمت سرٹیفکیٹ حاصل کرنا مطلوب نہیں ہیں جو گولف کے میدان میں بطور مددگار (کیڈیز)، بے بی سٹر یا عارضی ملازمت کرتے ہیں جس میں باغ (یارڈ) کا کام یا گھر کے کام کاج شامل ہوں نیز کسی ایسی رہائشی احاطے یا اس کے ارد گرد کام جو کسی غیر نفعی، غیر تجارتی تنظیم کا ہو لیکن اس میں ایک بجلی سے چلنے والی مشین کا استعمال شامل نہ ہو۔ زراعت کے شعبے میں کام کرنے والے 16 سال کی عمر کے نوبالغان سے ملازمت سرٹیفیکیٹ حاصل کرنا مطلوب نہیں ہے۔ ایک طالب علم کو اٹھارویں (18th) سالگرہ تک پہونچے کے بعد ملازمت سرٹیفیکیٹ کی ضرورت نہیں ہے۔

B. نیو یارک ریاست تعلیم اور مزدور قوانین کے تحت ملازمت سرٹیفیکیٹ کا ایک باضابطہ لازمی قانونی طریقہ کار ہے۔ ملازمت کی سرٹیفیکیشن کی ذمہ داری کے لیے مقرّر کردہ عملہ چانسلر کے نمائندے کے طور پر کام کرتا ہے۔

### II. ملازمت کے لیے سرٹیفیکیشن کے طریقہ ہائے کار

A. جونیئر ہائی اسکول یا ہائی اسکول کے ہر پرنسپل یا مقرّرکردہ کے لیے لازمی ہے کہ وہ سرٹیفیکیشن کی خدمات کا ایک شیڈول نافذ کریں جن کے تحت ذیلی کام ہونگے:

1. طلبا طبقے کو اس بات سے آگاہ کرے کہ ملازمت کے لیے سرٹیفیکیشن کی خدمات کہاں اور کب دستیاب ہونگی۔

2. اسکول کے آخری باضابطہ کیلنڈر دن تک اور موسم گرما اسکول کے دوران (اگر وہ موسم گرما اسکول کے لیے کھلے ہیں) ملازمت کے لیے سرٹیفیکیشن خدمت کی فراہمی۔

B. نوبالغ طلبا کو حق حاصل ہے کہ انہیں ملازمت کے لیے معقول سرٹیفیکیٹس جاری کیے جائیں۔ اسکول کے اربابِ اختیار کسی قانونی وجہ کے بغیر انکار نہیں کر سکتے۔ ماسوائے جیسا کہ ذیل میں بیان کیا گیا ہے، جاری ہونے کی تاریخ کے دو سال کے بعد ملازمت سرٹیفیکیٹ کارآمد نہیں رہتے۔

C. ملازمت سرٹیفیکیٹ کے درخواست گزاران پر لازم ہے کہ اس سرٹیفیکیٹ اور / یا اجازت نامے کی درخواست کو قابل اطلاق نیویارک ریاست کے مطلوبات کے تحت ہونا چاہیئے۔

D. عام ملازمت کے لیے کم سے کم عمر 14 سال ہے۔ طلبا کو 14 سال کی عمر سے پہلے عام ملازمت کے لیے تصدیق نہیں کی جا سکتی۔

E. ملازمت کے تمام سرٹیفیکیٹس کو نمبر دیا جانا لازمی ہے۔ ہر تعلیمی سال کے ستمبر میں سرٹیفیکیٹ کے ہر زمرے میں اعداد کا ایک تسلسل ہونا چاہیئے جس کا آغاز اس قسم کے پہلے جاری کردہ سرٹیفیکٹ سے ہونا چاہیئے۔

F. ملازمت کے ریکارڈ کو نوبالغ بچے کی اکیسویں (21) سالگرہ تک لازماً اس کے اسکول میں ایک مرکزی فائل میں رکھا جانا چاہیئے۔ انہیں عدالت میں حاضر کرنے کے حکم کی صورت میں پیش کرنے کے لیے لازماً قابل دسترس ہونا چاہیئے۔ اسکول سے منتقلی کے عمل کی صورت میں ضروری ہے کہ انہیں اس طالب علم کے مجموعی ریکارڈ میں منتقل کر دیا جائے۔

G. اسکولوں کو چاہیئے کہ طلبا کو مشورہ دیں کہ اگر وہ نیو یارک شہر سے باہر نیو یارک ریاست کے مقامات میں ملازمت کرنا چاہتے ہیں، انہیں نیو یارک شہر چھوڑنے سے قبل ملازمت سرٹیفیکیٹس حاصل کر لینا چاہیئے۔ ملازمت سرٹیفیکیٹس کو نیو یارک شہر سے باہر بھی حاصل کیا جا سکتا ہے اگر مطلوبہ دستاویزات دستیاب ہیں۔

H. اداکار بچوں کے اجازت نامے صرف نیو یارک ریاست محکمئہ مزدور، شعبہ برائے مزدوری کے معیارات، اجازت نامے اور سرٹیفیکیٹ پروگرام کے ذریعے ہی حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ محکمئہ مزدور کی ویب سائٹ www.labor.ny.gov پر معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔

I. ریاستی قانون 18 سال سے کم عمر کے بچوں کا منظور شدہ اوقات کار طے کرنے کا نظام چلاتا ہے۔ مخصوص حالات کے تحت تعلیمی سال کے دوران جب اسکول کھلا ہو، اوقات کار میں توسیع کی جا سکتی ہے، اور لازم ہے کہ اسے طالب علم کے اسکول کے تصدیقی افسر سے منظور کرایا جائے، ملاحظہ کریں https://www.schools.nyc.gov/get-involved/students/working-papers

## III. ملازمت کے لیے ایک سرٹیفیکیٹ کا حصول

ایک ملازمت سرٹیفیکٹ حاصل کرنے کے لیے، طالب علم کو "درخواست برائے ملازمت سرٹیفیکیٹ " فارم ( فارم AT-17 https://www.schools.nyc.gov/school-life/rules-for-students/working-papers ) پر دستیاب ہے) اجرا کرنے والے افسر کے پاس جمع کروانا چاہیئے۔

"درخواست برائے ملازمت سرٹیفیکیٹ" فارم اور ہر قسم کے ملازمت سرٹیفیکیٹس اور اجازت نامے اس طالب علم کے پبلک ہائی اسکول، جونیئر ہائی اسکول یا مڈل اسکول سے حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ جب پبلک اسکول بند ہوں، ملازمت سرٹیفیکیٹس خاندانی معاونتی رابطہ کار سے حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

درخواست برائے ملازمت سرٹیفیکیٹ (فارم AT-17) مندرجہ ذیل چھ حصوں پر مشتمل ہے:

### حصہ I - والدین کی اجازت

درخواست گزار اور والدین کے ذریعے مکمل کیا گیا ہو۔ "والدین"، کی اصطلاح جب بھی اس ضابطے میں استعمال کی جائے گی، اسکا مطلب ہے طالب علم کے والدین یا سرپرست، یا کوئی بھی دیگر افراد جنکا اس طالب علم کے ساتھ والدین ہونے یا نگران ہونے کا رشتہ ہے، یا طالب علم خود، اگر وہ ایک قانونی طور پر خودمختار نوجوان ہے یا 18 سال کی عمر کو پہنچ چکا ہے۔ والدین کو دستخط کرنا لازمی ہے۔

جز وقتی ملازمت اور ملازمت کے تمام دیگر سرٹیفیکیشن کے لیے، والدین کو اس درخواست پر دستخط کرنا لازمی ہے،

لیکن خود حاضر ہونے کی ضرورت نہیں۔

**حصہ II - عمر کا ثبوت**

ذیلی اصلی دستاویزات بطور عمر کے ثبوت قابل قبول ہیں بشرطیکہ کہ اس دستاویز پر اس بچے کی تاریخِ پیدائش درج ہو: پیدائشی سرٹیفیکیٹ (بمع سرکاری مہر)، بپیتسمہ کا باقاعدہ تصدیق شدہ ریکارڈ، پاسپورٹ (موجودہ یا منسوخ شدہ)، شہریت کے دستاویزات، ڈرائیور لائسنس یا اسکول کے ریکارڈ میں سے کوئی بھی دیگر عمر کے ثبوت جو گزشتہ دو یا زائد سالوں سے موجود ہو۔

**حصہ III - جسمانی تندرستی سرٹیفیکیٹ**

درخواست گزار کو ایک طبی نگہداشت فراہم کنندہ کے ایک ڈاکٹر کا تحریر کردہ ڈاکٹری نوٹ پیش کرنا لازمی ہے جس میں بیان کیا گیا ہو کہ اس درخواست گزار کی صحت ملازمت کرنے کے لیے اچھی ہے۔ اگر ڈاکٹری نوٹ حدود کی نشان دہی کرتا ہے، جاری کرنے والا اہلکار درخواست گزار کو "محدود ملازمت سرٹیفیکٹ" جاری کرے گا اور ملازمت، آجر اور مدت ختم ہونے کی تاریخ کی نشان دہی براہ راست اس کے ملازمت سرٹیفیکٹ پر کرے گا۔

**حصہ IV - ملازمت دینے کا عہد نامہ**

کسی متوقع آجر کو لازماً اس حصے کو صرف ذیل کی شرائط کے تحت ہی مکمل کرنا چاہئیے: یہ درخواست گزار 16 یا 17 سال کا ہے جو ایک کل وقتی ملازمت کا خواہاں ہے اور ہائی اسکول سے سندیافتہ نہیں ہوا ہے؛ یا اگر اس درخواست گزار کو "محدود ملازمت سرٹیفیکٹ" جاری کیا گیا ہے۔

**حصہ V - اسکول کا ریکارڈ**

اس حصے کو طالب علم کا اسکول لازماً مکمل کریگا اگر یہ طالب علم اسکول ترک کر رہا ہے اور وہ 16 سال سے بڑی عمر کا ہے اور ایک کل وقتی ملازمت کا سرٹیفیکٹ حاصل کر رہا ہے۔

**حصہ VI - ملازمت کی تصدیق**

درخواست کا یہ حصہ ان اہم معلومات کو قلم بند کرتا ہے جن کا تعلق ملازمت سرٹیفیکٹ کے اجرا سے ہے۔ اس میں جاری کردہ سرٹیفیکیٹ کا سرکاری نمبر، اجرا کی تاریخ، جاری کرنے والا مرکز اور پتہ، اور جاری کرنے والے اہلکار کے دستخط شامل ہیں۔

A. ایک کل وقتی ملازمت سرٹیفیکیٹ کا ایسا درخواست گزار جو 16 یا 17 سال کی عمر کا ہے اور سندیافتگی سے قبل اسکول ترک کرنے کی خواہش رکھتا ہے اس کے پاس والدین کی اجازت کا ہونا اور منصوبہ بندی کے لیے انٹرویو میں شرکت کرنا لازمی ہے۔ منصوبہ بندی کے لیے انٹرویو اسکول میں ایک رہنما مشیر، نائب پرنسپل، پرنسپل یا پرنسپل کے دیگر نامزد کردہ منعقد کرتے ہیں۔ منصوبہ بندی کے لیے انٹرویو کا انعقاد کا مقصد ہائی اسکول کے ڈپلومہ کی اہمیت پر زور دینا ہے، اسکول میں رہنے کے امکان پر اور متبادل تعلیمی پروگراموں کے بارے میں معلومات فراہم کرنا ہے اور اس بارے میں بات چیت کرنا ہے کہ طالب علم کو21 سال کی عمر تک اسکول میں رہنے کا حق حاصل ہے۔

B. اگر ایک نوبالغ بچہ آجکل جزوی بنیاد پر ایک سے زائد آجروں کے پاس ملازمت کر رہا ہے، تو ہر ایک آجر پر لازم ہے کہ اس نوبالغ بچے کی ملازمت کے دورانیے کے دوران ملازمت کے اصل سرٹیفیکیٹ فائل میں رکھے۔ ایک درخواست ( فارم AT-17)، بمعہ مکمل اور دستخط شدہ حصہ I (والدین کی اجازت) کو ہر اضافی ملازمت سرٹیفیکیٹ کے جاری کرنے والے افسر کو پیش کیا جانا لازمی ہے۔

C. کسی گم شدہ یا مسخ شدہ سرٹیفیکٹ کو اس وقت بدلا جا سکتا ہے جب طالب علم ایک دوسری درخواست (AT-17) پیش کرے۔ بعد میں ہر ایک دی جانے والی درخواست کے لیے صرف حصہ I (والدین کی اجازت) کو مکمل کرنے کی ضرورت ہے اگر اصل تصدیقی دستاویزات (گزشتہ مکمل کردہ درخواست اور جسمانی تندرستی کے سرٹیفیکیٹ کے ایک سال کے اندر) اس دفتر کی فائل میں موجود ہوں جہاں سے یہ متبادل سرٹفیکیٹ جاری کیا جا رہا ہے۔

### IV. تصدیقی مقامات

تمام پبلک ہائی اسکولوں، جونیئر ہائی اسکولوں اور مڈل اسکولوں کو درخواست کرنے پر ان طلبا کو ملازمت سرٹیفیکیٹ جاری کرنا لازمی ہے جو انکے اسکولوں میں جاتے ہیں۔ تمام پبلک ہائی اسکولوں پر لازم ہے کہ درخواست کرنے پر ان طلبا کے لیے ملازمت سرٹیفیکیٹ جاری کریں جو غیر پبلک اسکولوں میں جاتے ہیں۔

A. پبلک اسکولز - مقرّر کردہ عملہ ذیل کو ملازمت سرٹیفیکیٹ جاری کرے گا:
1. 14 سے لے کر 17 سال کی عمر کے ان تمام طلبا کو جو ان کے رجسٹر میں درج ہیں۔
2. 16 سے لے کر 17 سال کی عمر کے ان تمام سابقہ طلبا کو جن کو موجودہ تاریخ سے لے کر ایک سال کے اندر ہائی اسکول کے رجسٹر سے خارج کیا جا چکا ہے اور ان کو نیو یارک شہر کے کسی دوسرے پبلک اسکول میں داخل نہیں کیا گیا ہے۔
3. 11 سال سے لے کر 17 سال کی عمر کے ان تمام طلبا کو جو اخبار تقسیم کرنے کی اجازت کی درخواست کر رہے ہیں۔
4. تمام ہائی اسکولوں سے ایسے غیر پبلک اسکولوں کے طلبا کو ملازمت سرٹیفیکیٹ جاری کرنا مطلوب ہے جن کے اپنے اسکول ملازمت سرٹیفیکیٹ جاری نہیں کرتے۔ غیر پبلک اسکول کے طلبا کے لیے موجودہ اسکول میں اندراج کے دستاویز پیش کرنا لازمی ہے۔

B. غیر پبلک اسکولوں - منظور شدہ نجی اور مذہبی اسکولوں میں مقرّر کردہ عملہ ملازمت سرٹیفیکیٹ جاری کر سکتا ہے اور ان کی اپنے طلبا کو سہولت فراہم کرنے کے لیے ایسا کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم کی منعقد کردہ تربیت کی کامیاب تکمیل کے بعد غیر پبلک اسکولوں کو ملازمت سرٹیفیکیٹ جاری کرنے کا اختیار دیتا ہے۔ تربیت کا انعقاد درخواست کرنے پر کیا جاتا ہے۔ غیر پبلک اسکول ذیل کے مطابق ملازمت سرٹیفیکیٹ جاری کر سکتے ہیں:
1. 14 سے لے کر 17 سال کی عمر کے ان تمام طلبا کو جو ان کے رجسٹر میں درج ہیں۔
2. 11 سے لے کر 17 سال کی عمر کے ان تمام طلبا کو جو ان کے رجسٹر میں درج ہیں اور اخبار تقسیم کرنے کے لیے اجازت نامے کی درخواست کر رہے ہیں۔

C. خاندانی معاونتی رابطہ کار ذیل کے تمام اقسام کے ملازمت سرٹیفیکیٹس اور اجازت نامے جاری کرنے کے لیے دستیاب ہیں:
1. اسکول بند ہونے کے دوران جز وقتی ملازمت تلاش کرنے والے طلبا کو۔
2. 18 سال سے کم عمر نو بالغان کو جو خاص پیشے کے لیے اجازت ناموں کی درخواست کر رہے ہیں (اخبار تقسیم کرنے، سڑک پر تجارت کرنے اور کھیتوں میں کام کرنے والے)۔
3. 18 سال سے کم عمر غیر پبلک اسکول کے طلبا کو اگر یہ اسکول سرٹیفیکیٹ جاری نہیں کرتے ہیں۔
4. ریاست سے باہر کے 18 سال سے کم عمر نوبالغان کو۔

### V. ملازمت سرٹیفیکیٹ اور ملازمت اجازت ناموں کی اقسام

A. کل وقتی ملازمت سرٹیفیکیٹس - 16 سے 17 سال کی عمر کے ایسے نوبالغان کو جاری کیے جاتے ہیں جنہوں نے ایک کل وقتی "ملازمت دینے کا عہد" حاصل کر لیا ہے، جنہوں نے دن کے اسکول کو چھوڑ دینے کا ارادہ ظاہر کیا ہے اور خارج ہونے کا ایک انٹرویو دے چکے ہیں یا جو ایک ہائی اسکول سے سندیافتہ ہیں۔

B. طالب علم کا عام ملازمت سرٹیفیکیٹ - 16 سے 17 سال کی عمر کے ایسے نوبالغان کو جاری کیا جاتا ہے جنہوں نے دن کے اسکول میں اندراج کروایا ہے لیکن اسکول کے اوقات کے بعد، تعطیلات کے وقفے میں یا دونوں میں کام کرنا چاہتے ہیں۔

C. طالب علم کا غیر فیکٹری ملازمت سرٹیفیکیٹ - 14 یا 15 سال کے ایسے نوبالغان کو جاری کیا جاتا ہے جنہوں نے دن کے اسکول میں اندراج کروایا ہے لیکن اسکول کے اوقات کے بعد، تعطیلات کے وقفے میں یا دونوں میں کام کرنا چاہتے ہیں۔

D. محدود ملازمت سرٹیفیکیٹ - 14 سال سے لے کر 17 سال کی عمر کے ایسے نوبالغان کو جاری کیے جاتے ہیں جن پر کام کرنے کی کچھ طبی پابندیاں ہوں، اس بیان کردہ مخصوص سرٹیفیکٹ کے مطابق ( کل وقتی، طالب علم عام یا فیکٹری کے علاوہ)۔ ایک محدود ملازمت سرٹیفیکیٹ چھ ماہ کے دورانیے کے لیے مستند ہوتا ہے۔ البتہ، اگر

معائنہ کرنے والا معالج محدود جسمانی سرٹیفیکٹ پر اس بات کی نشان دہی کر دے کہ متعلقہ نابالغ بچے کی جسمانی معذوری دائمی نوعیت کی ہے، ایسی صورت میں یہ سرٹیفیکیٹ چھ ماہ کے ختم ہونے کے بعد بھی کارآمد رہے گا، بلکہ اس وقت تک کارآمد ہے جب تک ملازمت دینے کے عہد میں بیان کردہ کام کی نوعیت اور قسم وہی رہیں۔

E. سڑک پر تجارت کے اجازت نامے - 14 سے 17 سال کے نوبالغان کو جاری کیے جاتے ہیں جو سڑک پر یا دیگر عوامی مقامات پر اخبارات ( فراہم کنندگان سے خریدے گئے) یا رسالے وغیرہ فروخت کرنے کے پیشے میں مشغول ہونا چاہتے ہیں۔ اس میں 14 سال کی عمر کا ذاتی پیشہ رکھنے والا وہ نوبالغ بچہ بھی شامل ہے جو سڑکوں یا دیگر عوامی مقامات پر بطور جوتے پالش کرنے کا کام کرتا ہے (فارم AT-22)۔

F. کھیتوں میں کام کرنے کے اجازت نامے – خاص - 12 سال سے بڑی عمر کے نوبالغ بچوں کو جاری کیے جاتے ہیں تاکہ وہ بیریوں، پھلوں اور سبزیوں میں دستی کاشتکاری کے پیشے میں مشغول ہو سکیں ( فارم AT-25)۔

G. کھیتوں میں کام کرنے کے اجازت نامے - 14 یا 15 سال کی عمر کے ان نوبالغان کو جاری کیے جاتے ہیں تاکہ وہ کھیتی باڑی کے پیشے کے کام میں مشغول ہوں ( فارم AT-22)۔

H. اخبار تقسیم کرنے کے اجازت نامے - 17 سال تک کی عمر کے نوبالغ بچوں کو جاری کیے جاتے ہیں (تنخواہ پر مبنی ملازمت) تاکہ وہ اخبارات یا دیگر مطبوعہ مواد کو ان کے گاہکوں کو ان کے گھر پر یا ان کے کاروباری مقامات پر پہنچانے کے پیشے میں مشغول ہو سکیں۔ اخبارات تقسیم کرنے کے اجازت نامے کے لیے کوئی جسمانی تندرستی سرٹیفیکیٹ درکار نہیں ہے اگر درخواست گزار کے پاس اہل ہونے کی دستاویز موجود ہے۔

## VI. تنسیخ

اگر اسکول کے اہلکاران یہ فیصلہ کریں کہ یہ ملازمت طالب علم کی اسکول میں مطلوبہ حاضری، اسکول میں کارکردگی، صحت اور بہبود کو متاثر کر رہی ہے، سرٹیفیکیٹ یا اجازت نامے کو منسوخ کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ، سرٹیفیکیٹس اور اجازت ناموں کو منسوخ کیا جا سکتا ہے اگر اسکول اہلکاروں کو یہ علم ہو جائے کہ اس سرٹیفیکیٹ یا اجازت نامے کا اجرا جھوٹی معلومات کی بنیاد پر کیا گیا تھا۔ ایسے حالات میں، اسکول کے اہلکاروں کے لیے لازمی ہے کہ سرٹیفیکیٹ یا اجازت ناموں کو منسوخ کرنے سے قبل ایک واجب نوٹس جاری کریں۔

## VII. استفسارات

اس ضابطہ سے متعلق استفسارات کو ذیلی پتے پر بھیجنا چاہیے:

Office of Safety and Youth Development

NYC Department of Education

52 Chambers Street – Room 218

New York, NY 10007

ٹیلیفون: 212-374-5565

فیکس: 212-374-5751